قرآنی انسائیکلوپیڈیا کی ترتیب کا منصوبہ

پروفیسر جین میک آلف Professor Jane McAuliffe مجوزہ قرآن انسائیکلوپیڈیا کے جنرل ایڈیٹر مقرر ہوئے ہیں۔ ان کے تین معاون ایڈیٹروں کا تعلق فرانس، کینیڈا اور امریکہ سے ہے۔ یہ اہم پروجکٹ ابھی منصوبہ بندی کے ابتدائی مراحل میں ہے اور اس میں شامل کئے جانے والے ممکنہ موضوعات کے تعین کا کام جاری ہے۔ دنیا بھر کے اہل علم کو اس انسائیکلوپیڈیا میں مضامین لکھنے کی دعوت دی جارہی ہے۔ یہ انسائیکلوپیڈیا دو جلدوں پر مشتمل ہوگا اور ۲۰۰۰ء میں اس کے مکمل ہونے کی توقع ہے۔ اسے لائیڈن کے اے۔ جے برل شائع کریں گے۔

پروفیسر جین میک آلف مسلمانوں کے ساتھ مذہبی روابط کے لئے قائم شدہ ویٹیکن کمیشن کے پہلے شمالی امریکی ممبر ہیں۔

(مسلم اینڈ عرب پرسپکٹیوز ۳/۱-۶، ۱۹۹۶ء)

سہنالی زبان میں تفہیم القرآن کا ترجمہ

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی مشہور تفسیر 'تفہیم القرآن' کا سہنالی زبان میں ترجمہ مکمل ہوگیا ہے۔ سری لنکا جماعت اسلامی کے نیوز لیٹر کے مطابق تفہیم القرآن کی چھ جلدوں کا ترجمہ حال ہی میں سری لنکا کی جماعت کے زیر اہتمام پایۂ تکمیل کو پہونچ گیا ہے۔ مولوی محمد حسن ابراہیم، سابق امیر جماعتِ اسلامی، سری لنکا کی سربراہی میں جید علماء کرام پر مشتمل ایک بورڈ اس ترجمہ کی نظر ثانی کا کام کررہا ہے۔ توقع ہے کہ اس ترجمہ کی پہلی جلد جو سورہ فاتحہ سے سورہ اعراف تک پر مشتمل ہوگی۔ جلد طباعت کے مراحل سے گذر کر شائقین کو دستیاب ہوجائیگی۔ تفہیم القرآن کا سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کا ترجمہ پہلے ہی دستیاب ہے۔

(سہ روزہ دعوت، ۱۳ مئی ۹۶ء)